© rasailojaraid.com



## گرامی القدر حضرت مہتمم صاحب زید مجدہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

۱۴۲۴ھ کے سالانہ امتحان کا نتیجہ ارسال خدمت ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ غلطی نہ رہے لیکن پھر بھی مجموعہ اور تقدیر وغیرہ کو چیک کرلیں اور اگر کوئی کمی بیشی ہو تو فوراً دفتر کو مطلع فرمائیں۔

امتحان میں کامیابی کا معیار کم از کم چار کتابوں میں پاس اور 240 نمبر حاصل کرنا ضروری ہیں۔ جن طلباء / طالبات نے 240 یا زائد نمبرات حاصل کیے ہیں لیکن چار مضامین میں پاس نہیں ہیں ان کے آگے ضمنی لکھا گیا ہے۔

خوشخبری:...... وفاق المدارس العربیہ نے "ضمنی امتحان" کی رعایت بحال کر دی ہے۔ ضمنی امتحان ان شاء اللہ:

(i) ۲۵/ ذی الحجہ تا ۲۷/ ذی الحجہ ۱۴۲۴ھ بمطابق 17 تا 19 فروری 2004ء منگل، بدھ اور جمعرات منعقد ہوں گے۔ اس میں ۱۴۲۴ھ میں غیر حاضر اور ضمنی والے تمام درجات کے طلباء / طالبات مورخہ ۱۰/ ذی القعدہ تک دفتر "وفاق" ملتان داخلہ فارم بھیج کر حصہ لے سکیں گے۔

(ii) ۱۴۲۴ھ کے سالانہ امتحان میں کوائف مکمل ہونے کے باوجود داخلہ بروقت نہ آنے کی وجہ سے رہ جانے والے طلباء بھی اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔

(iii) نظر ثانی کی درخواست پر ناکام ہونے والے طلباء / طالبات بھی ۱۰/ ذی القعدہ تک فارم داخلہ بھیج کر ضمنی امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔ خیال رہے کہ نظر ثانی کی درخواستیں ۱۰/ شوال المکرّم تک دفتر وفاق پہنچ جانی چاہئیں اور دفتر وفاق ۲۰/ شوال المکرّم تک تمام درخواستیں نمٹادے گا۔ ان شاءاللہ۔

(iv) ضمنی امتحان میں شرکت کے لیے زیر تعلیم ادارہ سے فارم داخلہ بھجوائے جاسکتے ہیں۔ سابقہ ادارہ کی طرف سے فارم بھجوانے کی پابندی ختم کر دی گئی ہے۔

(v) راسب (ناکام) طلباء ضمنی امتحان میں شرکت کے اہل نہیں ہوں گے۔ وہ آئندہ سال امتحان دیں گے۔

والسلام

(مولانا) قاری محمد حنیف جالندھری

ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان